روزنامہ
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 15 نومبر 2008ء 16 ذیقعد 1429 ہجری 15 نبوت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 262

حصول تقویٰ کی دعا

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے۔

اے میرے رب مجھے اپنا شکر گزار اپنا ذکر کرنے والا، اپنے سے ڈرنے والا اور اپنا کامل اطاعت گزار اور اپنے حضور عاجزی کرنے والا بنادے۔

(ترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء النبی حدیث نمبر 3474)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تقویٰ اللہ ہر ایک عمل کی جڑ ہے جو اس سے خالی ہے وہ فاسق ہے۔ تقویٰ سے زینت اعمال پیدا ہوتی ہے اور اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب ملتا ہے اور اسی کے ذریعہ وہ اللہ تعالیٰ کا ولی بن جاتا ہے۔(۔)

کامل طور ر جب تقویٰ کوئی مرحلہ باقی نہ رہے تو پھر یہ اولیاء اللہ میں داخل ہوجاتا ہے اور تقویٰ حقیقت میں اپنے کامل درجہ پر ایک موت ہے کیونکہ جب نفس کی سارے پہلوؤں سے مخالفت کرے گا تو نفس مرجاوے گا۔ اسی لئے کہا گیا کہ موتوا قبل ان تموتوا نفس توسن گھوڑے کی طرح ہوتا ہے اور جو لذت تبتل اور انقطاع میں ہوتی ہے اس سے بالکل ناآشنا ہوتا ہے۔ جب اس پر موت آجاوے گی تو چونکہ خلا محال ہے اس دوسری لذات جو تبتل اور انقطاع میں ہوتی ہیں شروع ہوجائیں گی۔ یہی وہ بات ہے جس کی ہماری ساری جماعت کو ہر وقت مشق کرنی چاہئے۔ جیسے بچے جب تختیوں پر بار بار لکھتے ہیں تو آخر خوش نویس ہوجاتے ہیں۔

مجاہدہ سے مراد یہی مشق ہے کہ ایک طرف دعا کرتا رہے دوسری کامل تدبیر کرے۔ آخر اللہ تعالیٰ کا فضل آجاتا ہے اور نفس کا جوش وخروش دب جاتا اور ٹھنڈا ہوجاتا ہے اور ایسی حالت ہوجاتی ہے جیسے آگ پر پانی ڈال دیا جاوے۔ بہت سے انسان ہیں جو نفس امارہ ہی میں مبتلا ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 570)

یاد رکھو کہ کوئی پاک نہیں ہوسکتا جب تک خدا اسے پاک نہ کرے جب تک اتنی دعا نہ کرے کہ مرجاوے تب تک سچی تقویٰ حاصل نہیں ہوتی۔ اس کے لئے دعا سے فضل طلب کرنا چاہئے۔ اب سوال ہوسکتا ہے کہ اسے کیسے طلب کرنا چاہئے تو اس کے لئے تدبیر سے کام لینا ضروری ہے جیسے ایک کھڑکی سے اگر بدبو آتی ہے تو اس کا علاج یہ ہے کہ یا اس کھڑکی کو بند کرے یا بدبودار شئے کو اٹھا کر پھینک دے۔ پس کوئی اگر تقویٰ چاہتا ہے اور اس کے لئے تدبیر سے کام نہیں لیتا تو وہ بھی گستاخ ہے کہ خدا کے عطا کردہ قویٰ کو بیکار چھوڑتا ہے۔ ہر ایک عطاء الٰہی کو اپنے محل پر صرف کرنا اس کا نام تدبیر ہے جو ہر ایک (۔) کا فرض ہے۔ ہاں جو نری تدبیر پر بھروسہ کرتا ہے وہ بھی مشرک ہے اور اسی بلا میں مبتلا ہوجاتا جس میں یورپ ہے تدبیر اور دعا دونو کا پورا حق ادا کرنا چاہئے تدبیر کرکے سوچے اور غور کرے کہ میں کیا شئے ہوں۔ فضل ہمیشہ خدا کی طرف آتا ہے۔ ہزار تدبیر و ہرگز کام نہ آوے گی جب تک آنسو نہ بہیں۔ سانپ کی زہر کی طرح انسان میں زہر ہے اس کا تریاق دعا ہے جس کے ذریعہ سے آسمان سے چشمہ جاری ہوتا ہے۔ جو دعا سے غافل ہے وہ مارا گیا۔ ایک دن اور رات جس کی دعا سے خالی ہے وہ شیطان سے قریب ہوا۔ ہر روز دیکھنا چاہئے کہ جو حق دعاؤں کا تھا وہ ادا کیا ہے کہ نہیں۔ نماز کی ظاہری صورت پر اکتفا کرنا نادانی ہے۔ اکثر لوگ رسمی نماز ادا کرتے ہیں اور بہت جلدی کرتے ہیں جیسے ایک ناواجب ٹیکس لگا ہوا ہے۔ جلدی گلے سے اتر جاوے۔ بعض لوگ نماز تو جلدی پڑھ لیتے ہیں لیکن اس کے بعد دعا اس قدر لمبی مانگتے ہیں کہ نماز کے وقت سے دگنا تگنا وقت لے لیتے ہیں حالانکہ نماز تو خود دعا ہے جس کو یہ نصیب نہیں ہے کہ نماز میں دعا کرے اس کی نماز ہی نہیں۔ چاہئے کہ اپنی نماز کو دعا سے مثل کھانے اور سرد پانی کے لذیذ اور مزیدار کرلو اور ایسا نہ ہو کہ اس پر ویل ہو

(ملفوظات جلد سوم ص 591)

فروغ علم، ہماری قومی ذمہ داری

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ عید الفطر فرمودہ 13 راکتوبر 2007ء میں فرمایا کہ:۔ اگر طلباء اور ان کے والدین بچوں کے امتحان میں پاس ہونے پر کچھ شکرانے کے طور پر اس مد (طلباء کی امداد) میں دیں تو کئی غریب ضرورت مندوں کا بھلا ہوسکتا ہے یہ احساس بچوں کے اندر پیدا کرنا چاہئے کہ غریبوں کی ضرورتیں پوری کریں۔

(خلفاء احمدیت کی تحریکات صفحہ 517)

احمدی طلباء کی امداد کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں شعبہ ''امداد طلبہ'' قائم ہے اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء کی ٹیوشن فیس' یونیفارم' درسی کتب' کاپیاں کمپیوٹر فیس اور مقابلہ جات کی اشاعت میں حسب گنجائش مالی معاونت کی جاتی ہے۔ پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات کی شرح اس طرح سے ہے۔

حکومتی ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری:۔ 15 صد تا 2 ہزار روپے

کالج لیول: ۔تین ہزار تا 7 ہزار روپے

ایم ایس سی وپیشہ ورادارہ جات:۔

30 ہزار تا 50 ہزار روپے

پرائیویٹ ادارہ جات

پرائمری رسیکنڈری: 6 ہزار تا 8 ہزار روپے

کالج لیول: 12 ہزار تا 20 ہزار روپے

ایم ایس سی وپیشہ ورادارہ جات:۔

1 لاکھ تا 3 لاکھ روپے

شعبہ امداد طلبہ کی مساعی

1۔ گزشتہ پانچ سالوں میں 3 ہزار 134 ذہین طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کی توفیق ملی۔ 2۔ داخلہ جات کی تعداد جو یکمشت ادا کی جاتی رہی ہیں وہ 656 سالانہ ہے۔ 3۔ یونیفارم' کتب اور بیگ وغیرہ جو لے کر دیئے گئے' ان کی تعداد 825 سالانہ ہے۔

آپ اس کار خیر میں حصہ لینے کیلئے اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوا سکتے ہیں۔

فون: 047-6212473

Cell:0332-7079462,0321-7707403

Email: ntaleem@gmail.com

(نظارت تعلیم)

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی علمی ریلی 2008ء

مجلس انصار اللہ پاکستان

قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان کے زیر اہتمام خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی علمی ریلی مورخہ 7 تا 9 نومبر 2008ء کو ایوان ناصر میں منعقد ہوئی۔ جس میں پاکستان کے تمام 12 علاقہ جات کے 47 اضلاع کی 247 مجالس کے 535 انصار نے شرکت کی اور جوش وخروش سے مقابلہ جات میں حصہ لیا۔

اس خلافت احمدیہ جوبلی علمی ریلی کا افتتاح مورخہ 7 نومبر کو سہ پہر سوا چار بجے محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ پاکستان نے کیا۔ پہلے روز مقابلہ تلاوت قرآن کریم منعقد ہوا جس میں 67 انصار نے حصہ لیا اور قرآن کریم کی سورۃ نور آیات 55 تا 57 کی خوش الحانی کے ساتھ تلاوت کی۔ مطالعہ کتب کے تحریری امتحان میں 182 اراکین نے حصہ لیا۔ اس مقابلہ کے دو معیار تھے۔ عہدیداران انصار، قائدین علاقہ، قائدین ضلع اور زعماء اعلیٰ کے مابین علیحدہ مقابلہ تھا۔ جبکہ دوسرے معیار میں جملہ اراکین انصار اللہ شامل تھے۔ 50 سوالات پر مشتمل پرچہ تیار کیا گیا جس کے مختصر جوابات، سوالات کے سامنے ہی درج کرنا تھے۔ اس امتحان میں انصار کی شمولیت خوشکن رہی۔

دوسرے روز نماز فجر کی ادائیگی اور درس کے بعد ساڑھے چھ بجے مقابلہ تلاوت معیار خاص منعقد ہوا جس میں 8 قاری اور حفاظ کرام نے شرکت کی۔ بعدہ حفظ قرآن منعقد ہوا جس کے نصاب میں پارہ 29 مکمل شامل تھا جس میں 12 اراکین نے حصہ لیا۔ مقابلہ نظم میں 66 اراکین نے حصہ لیا اور خلافت احمدیہ کے بارے میں مقرر کردہ نظموں کو خوش الحانی اور عقیدت سے پیش کیا۔ بیت بازی میں 11 اضلاع کی ٹیموں نے شرکت کی۔ ان ٹیموں کا شوق دیدنی تھا اور ٹیمیں بھرپور تیاری کے ساتھ آئی تھیں۔ مقررہ وقت میں مقابلہ ختم نہ ہو سکا اور زائد وقت دے کر اس کا فیصلہ کیا گیا اور ٹیموں نے درثمین، کلام محمود، کلام طاہر، درعدن، بخار دل اور خلافت احمدیہ کے بارے میں احمدی شعراء کا کلام خوب پیش کیا۔ مقابلہ تقریر معیار خاص بین العلاقہ تھا جس میں ہر علاقہ سے ایک نمائندہ نے 8 تا 10 منٹ خلافت احمدیہ کے موضوعات پر تقاریر کیں۔ یہ مقابلہ اس سال شروع کیا گیا ہے۔ قبل ازیں یہ مقابلہ بین الاضلاع تھا۔

نماز ظہر وعصر اور طعام کے بعد 3 بجے سہ پہر مقابلہ دینی معلومات بین الاضلاع منعقد ہوا جس میں 14 اضلاع کی ٹیموں نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں دینی معلومات کا مقابلہ انفرادی سطح پر بھی منعقد ہوا جس میں 36 اراکین نے حصہ لیا۔ نماز مغرب وعشاء اور طعام کے بعد ایک خصوصی نشست بسلسلہ خلافت احمدیہ جوبلی، برکات خلافت، کچھ یادیں، کچھ باتیں کے عنوان سے منعقد ہوئی۔ جس میں محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ پاکستان نے خلافت احمدیہ کے مظاہر کی حسین یادوں کا تذکرہ کیا۔ یہ مجلس اڑھائی گھنٹے تک جاری رہی۔ سامعین نے بڑی دلچسپی سے ہر بات کو سنا اور خلافت احمدیہ سے بے پناہ محبت وعقیدت سے ان کی آنکھیں پُرنم اور دل گداز تھے۔

اس مجلس سے استفادہ کے لئے خواتین کے لئے الگ محدود انتظام کیا گیا تھا۔ اس کا اختتام دعا سے ہوا جو محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ نے کروائی۔

تیسرے روز صبح نو بجے مقابلہ تقریر فی البدیہہ منعقد ہوا جس میں 44 اراکین نے حصہ لیا۔ علمی ریلی کے پروگراموں میں یہ پروگرام بہت دلچسپ تھا۔ پاکستان کے چاروں صوبوں سے اراکین نے ریلی میں شرکت کی۔ انہوں نے پروگراموں میں بروقت، بہت محبت، عقیدت اور جذبہ شوق کے ساتھ شمولیت کی۔ مقابلہ جات کے دوران یہ ہال ہر وقت بھرا رہا اور کلوز سرکٹ کے ذریعہ نیچے کے ہال میں آڈیو وڈیو کا انتظام کیا گیا۔

خلافت جوبلی علمی ریلی کی اختتامی تقریب مورخہ 9 نومبر 2008ء کو تقریباً ایک بجے بعد دوپہر ایوان ناصر میں منعقد ہوئی۔ جس کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔ تلاوت قرآن کریم سے تقریب کا آغاز ہوا۔ محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصار اللہ پاکستان نے انصار سے عہد لیا۔ نظم کے بعد محترم ڈاکٹر عبدالخالق خالد صاحب منتظم اعلیٰ علمی ریلی و نائب صدر و قائد تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان نے رپورٹ پیش کی، جس میں انہوں نے خلافت جوبلی ریلی کا تفصیلی تعارف کرایا اور اس میں ہونے والے مقابلہ جات کے بارے میں حاضرین کو سیر حاصل معلومات فراہم کیں۔

انہوں نے بتایا کہ انتظامیہ علمی ریلی نے مقدور بھر کوشش کی کہ انتظامات احسن طریق پر سرانجام پاویں اور مہمانوں کی ضروریات اور آرام کا خیال رکھا جائے۔ ریلی کے دوران خدمت کرنے والے انصار، خدام اور اطفال کو ہمہ وقت مستعد پایا، اللہ تعالیٰ ان کی خدمت کو قبول فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ خاکسار اراکین مجلس عاملہ پاکستان، ریلی کے منتظمین، نائبین، معاونین، ناظمین علاقہ، ناظمین اضلاع، زعماء اعلیٰ اور دیگر جماعتی ادارہ جات کا ازحد ممنون ہے۔ جنہوں نے ریلی کے کامیاب انعقاد اور مہمانوں کی خدمت کرنے میں ہماری معاونت کی، خدا تعالیٰ سب کو جزائے خیر دے۔ آمین

رپورٹ کے بعد مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے پوزیشنز حاصل کرنے والے انصار میں انعامات تقسیم کئے۔ ہر مقابلے میں اول آنے والے ناصر کو انعام اور سند کے ساتھ مینارۃ المسیح کا ماڈل اور دوم آنے والے ناصر کو انعام اور سند کے ساتھ ستارہ احمدیت کا ماڈل بھی دیا گیا۔

مجلس انصار اللہ پاکستان کے زیر انتظام خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی مقابلہ مقالہ نویسی منعقد کیا گیا تھا جس میں پاکستان بھر سے انصار، خدام، اطفال، لجنہ اماء اللہ اور ناصرات الاحمدیہ نے شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کل 518 مقالہ جات موصول ہوئے تھے جماعت احمدیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ 2008ء کے موقع پر پانچوں تنظیموں میں اول، دوم اور سوم پوزیشنز حاصل کرنے والے اراکین میں انعامات تقسیم کئے گئے تھے۔ مقالہ نویسی مابین انصار میں اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والے اور بلحاظ شرکت حسن کارکردگی ضلع اور زعامت علیا کو اس موقع پر انعامات دیئے گئے۔ خلافت جوبلی علمی ریلی کے بہترین ناصر مکرم جمیل احمد بٹ صاحب کلفٹن کراچی، بہترین زعامت علیاء مجلس انصار اللہ مقامی ربوہ اور بہترین ضلع لاہور قرار پایا۔ بہترین ضلع کی رننگ ٹرافی خلافت احمدیہ جوبلی کے موقع پر ضلع کو مستقل طور پر دینے کا فیصلہ کیا گیا۔

تقسیم انعامات کے بعد مہمان خصوصی نے پاکستان بھر سے تشریف لانے والے انصار کو قیمتی نصائح فرمائیں۔ انہوں نے کہا کہ انصار کو خلافت جوبلی کے موقع پر شائع ہونے والا جملہ لٹریچر مطالعہ کرنے کی طرف توجہ دینی چاہئے تاکہ خلافت سے متعلق ہر پہلو ان کے سامنے ہو۔ بعدہ مہمان خصوصی نے دعا کرائی اور یہ تقریب اور ریلی اختتام پذیر ہوئی۔ نماز ظہر وعصر کے بعد مہمانان وشرکاء کی خدمت میں ظہرانہ دیا گیا۔

(رپورٹ: ایف۔ شمسؔ)

پندرہ روزہ المصلح کراچی کا خلافت احمدیہ نمبر

ایڈیٹر: جمیل احمد بٹ صاحب

صفحات: 264

شمارہ: یکم تا 16 / اگست 2008ء

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر پاکستان اور بیرون پاکستان میں کم وبیش ہر احمدی اخبار اور رسالے نے اپنی اپنی بساط کے مطابق اور خلافت سلسلہ سے وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے خلافت احمدیہ نمبر شائع کئے ہیں جو جماعتی علم کلام، لٹریچر اور تاریخ میں بیش قیمت اضافہ ہیں۔ ان میں ایسے خزانے پوشیدہ ہیں جو گزشتہ 100 سال میں لٹائے جاتے رہے ہیں اور جماعت ان سے اپنے اپنے انداز میں ان سے فیض حاصل کرتی رہی ہے۔ جماعت احمدیہ کراچی کے نمائندہ رسالہ پندرہ روزہ المصلح نے ضخیم خلافت نمبر شائع کیا ہے۔ جس میں رنگین تصاویر کے ساتھ اچھے کاغذ پر عمدہ انداز میں طباعت کی گئی ہے۔ مضامین اور ان کے لکھنے والوں کا چناؤ بھی خوب ہے۔ ٹائٹل پر خلافت جوبلی کا لوگو (Logo) آویزاں کر کے خوبصورتی پیدا کی گئی ہے۔

اداریہ اور اظہار تشکر کے بعد محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ کا پیغام شامل اشاعت ہے، خلفاء سلسلہ کی 34 صفحات پر مشتمل رنگین تصاویر آرٹ پیپر پر چھاپی گئی ہیں۔ دیگر مضامین میں چند ایک مندرجہ ذیل ہیں۔ الٰہی وعدہ خلافت، شرائط بیعت، حضرت مسیح موعود اور خلافت، خلافت کا بابرکت نظام، خلافت کی اہمیت اور ضرورت، خلافت کے معنی، ضرورت اور اقسام، نظام خلافت کے استحکام کی جدوجہد، خلیفہ کا مقام اور اس کی اہمیت، تائیدات الٰہی کے نظارے اور خلفائے احمدیت کی تحریکات۔ ان کے علاوہ خلافت کی شان میں خوبصورت نظموں کا انتخاب بھی شامل ہے۔ اداریہ میں نعمتِ خلافت کے عنوان سے مدیر رقمطراز ہیں۔

آج کوئی احمدی ایسا نہیں جو خلافت سے محبت کو اپنے جسم وجان کا حصہ نہیں پاتا۔ یہ محبت ہر گزرے دن کے ساتھ مضبوط ہوئی ہے۔ ہوش کے عالم میں انہوں نے خود آسمان سے نازل ہونے والی برکتوں کو دیکھا اور محسوس کیا ہے جو خلافت کے ذریعہ سے ان پر اور تمام جماعت پر پیہم نازل ہو رہی ہے۔ تمکنت دین کے نظارے تو گزرتے وقت کے ساتھ تابندگی میں بڑھتے جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ادارہ المصلح کی ٹیم کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے اس تاریخی موقع پر ایک عمدہ تحفہ احمدیوں کے ہاتھوں میں تھمایا ہے۔ (ایف شمسؔ)

ہر لحظہ غنیمت ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

ہر لحظہ کو غنیمت سمجھ کر اور یقین کر کے کہ شاید ابھی موت آ جاوے مرنے کے واسطے تیار رہنا چاہئے۔ جب اس تیاری کی فکر دامنگیر رہے گی تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ انسان اپنے تعلقات کو بڑھائے گا اور اس دوسرے جہان میں آرام پانے کا خیال کرے گا۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 394)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

واقفین عارضی کی مساعی اور تاثرات

مرسلہ: قائد تعلیم القرآن ووقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان

محترمہ اختر النساء صاحبہ کوئٹہ سے تحریر کرتی ہیں:۔

''حضور کی دعاؤں کے طفیل مجھے توفیق مل رہی ہے کہ میں وقف عارضی کے دو ہفتے گزار کر تیسرے ہفتے میں ہوں۔ پانچ لڑکیاں اور دو عورتیں قرآن پاک پڑھ رہی ہیں اور نماز باترجمہ سیکھ رہی ہیں ایک چھوٹا لڑکا قرآن پاک ناظرہ سناتا ہے۔''

محترمہ خالدہ پروین صاحبہ لکھتی ہیں:۔

''حضور! ایام وقف میں ایک عجیب سپاہیانہ اور مستعد زندگی گزارنے کی توفیق ملی۔ علی الصبح نماز کے بعد جلد جلد اپنے گھریلو کاموں سے فراغت کے بعد درس کی تیاری کرنی ہوتی تھی اور اپنے بچوں کو بھی بھیجتی اور خود بھی مستورات کو اکٹھا کرنے کے لئے گھر گھر چل پڑتی تھی پھر نمازوں کی بروقت اور باقاعدہ ادائیگی کی بھی توفیق ملتی رہی۔ دعاؤں میں بھی خاص لطف آتا تھا۔ ایام وقف کی برکات اور لذت کچھ عجیب سی ہے دل چاہتا ہے کہ سال میں دوسری بار بھی موقع ملے انشاءاللہ جلد ہی دوبارہ وقف کی درخواست کروں گی۔''

مکرم حکیم غلام رسول صاحب معلم وقف جدید لکھتے ہیں:۔

''میرے آقا! آپ کی تحریک وقف عارضی خدائی تحریک ہے جو دین و دنیا کی برکت کا موجب ہے۔ گزشتہ دنوں خاکسار کی اہلیہ اور میرے لڑکے ماسٹر محمد شریف کی بیوی بیمار ہوگئیں خاکسار بڑا پریشان تھا کہ کسی ہسپتال میں داخل کراؤں کیونکہ ایسی مریضہ کا کسی دوسری جگہ لے جانا از حد مشکل ہے اللہ تعالیٰ نے تحریک وقف عارضی کی برکت سے غیبی سامان کر دیا اور محترم ڈاکٹر مبارک احمد صاحب ایم بی بی ایس چک نمبر 65 تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خاں میں وقف عارضی کے سلسلہ میں تشریف لائے تو خاکسار نے ڈاکٹر صاحب سے عرض کی تو انہوں نے کمال ہمدردی سے، 7 میل کا فاصلہ طے کر کے مریضوں کو خود آ کر دیکھا اور علاج میں ہر طرح سہولت بہم پہنچائی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

مکرم خلیل احمد صاحب تاندلیانوالہ سے لکھتے ہیں:۔

''میرا کاروبار اس قسم کا ہے کہ ایک دن بھی گھر سے نکلنا مشکل تھا کیونکہ چک نمبر 121 ج۔ب میں میری پریکٹس ہے اور لائلپور کچہری بازار میں میری دکان ہے جو کہ صرف اکیلا میں چلا رہا ہوں۔ خدا تعالیٰ کا یہ مجھ پر ایک بہت بڑا فضل اور احسان ہے کہ اس قدر مصروفیت کے باوجود مجھے وقف عارضی میں شمولیت کی توفیق مل گئی''۔

محترم ڈاکٹر محمد خاں صاحب چک نمبر 74 رحیم یار خاں تحریر کرتے ہیں:۔

''خاکسار جب گھر سے چلا تھا میرے دھان وغیرہ پکے ہوئے تھے اور بھی کئی کاشتکاری کے کام یعنی توریا برسیم وغیرہ کی کاشت ان دنوں میں ہوتی ہے سب کو حوالۂ خدا کر کے یہاں آ گیا۔ پیارے آقا یہاں آ کر جو روحانی کیف اور سرور حاصل ہو رہا ہے وہ میں اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر جان کر عرض کر رہا ہوں کہ مجھے زندگی بھر حاصل نہ ہوا تھا۔''

مکرم محمد اسلم صاحب شاد لکھتے ہیں:۔

''حضور نے وقف عارضی کی تحریک جاری فرما کر جماعت پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ ہم نے ان ایام سے بہت فائدہ اٹھایا۔ دعاؤں کا موقعہ ملا۔ احمدی بھائیوں سے واقفیت ہوئی۔ ایک دوسرے کے لئے محبت اور ہمدردی بڑھی چنانچہ جب ہم واپس روانہ ہونے لگے تو تمام دوستوں نے بڑے خلوص اور محبت سے ہمیں رخصت کیا یہ ایک عجیب نظارہ تھا دل میں ایک عجیب سی کیفیت پیدا ہو رہی تھی ان لوگوں کی آنکھوں میں بھی آنسو تھے اور ہماری آنکھیں بھی نمناک تھیں میں یہ سوچ رہا تھا کہ واقعی یہ الٰہی تحریک بڑے گہرے مقاصد اپنے اندر لئے ہوئے ہے۔ انفرادی اور جماعتی تربیت کے علاوہ احمدی بھائیوں میں محبت اور ہمدردی بھی بڑھ رہی ہے۔''

مکرم قریشی طاہر احمد صاحب لکھتے ہیں:۔

''خاکسار کی رہائش کے لئے بیت الذکر سے ملحق کمرے میں انتظام ہے۔ خاکسار اپنا کھانا تینوں وقت خود ہی تیار کرتا ہے۔ جس سے ایک تو خرچ کم ہوا دوسرے کھانا بھی اچھا رہا اور کسی احمدی دوست کو بھی پکانے کی تکلیف نہیں ہوئی۔

اس سے قبل خاکسار کبھی بھی اتنی دیر کے لئے گھر سے باہر نہیں رہا اور نہ ہی عادت ہے۔ مگر یہاں آ کر دل کو کچھ اس قسم کا سکون اور تسلی ہے کہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ گھر سے باہر آیا ہوا ہوں۔ سارا دن مصروفیت میں ہی گزر جاتا ہے اگر بچوں کو پڑھانے سے وقت ملتا ہے تو کھانا پکانے میں مصروف ہو جاتا ہوں۔ غرض کہ اللہ تعالیٰ کا بہت بہت فضل ہے۔''

مکرم شریف صاحب کرونڈی سے لکھتے ہیں:۔

''اس سارے عرصہ میں تمام قسم کا کھانا خود اپنے ہاتھوں سے تیار کیا گیا مقامی جماعت کے بہت زیادہ اصرار کے باوجود بھی خود تیار کیا۔ جس میں ایک خاص قسم کا سکون اور راحت محسوس ہوتی تھی۔ برتن وغیرہ بھی خود گھر سے لے کر گئے تھے بہرحال یہ عرصہ ایک نہایت اعلیٰ قسم کی روحانیت میں ترقی کا عرصہ ہے۔

انسان کو اپنی تمام قسم کی مصروفیت سے علیحدہ ہو کر اپنے خدا کو راضی کرنے کا بہترین طریقہ حضور نے بتایا ہے۔ جس کے نتائج خدا کے فضل سے بہت اچھے نظر آ رہے ہیں''۔

مکرم چوہدری غلام یاسین صاحب سابق مربی امریکہ تحریر کرتے ہیں۔

''حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود نے ایک دفعہ یہ ہدایت فرمائی تھی کہ ''جہاں کہیں فتنہ ہو ہمارے دوستوں کو چاہئے کہ وہاں جا کر دوسروں کو سمجھائیں اور اس کو دور کریں۔ اس کے لئے اپنی عقلوں اور علموں پر بھروسہ نہ کریں۔ بلکہ خدا تعالیٰ کی توفیق اور فضل کو مقدم کریں اور اس کے لئے کثرت سے دعائیں کریں۔ اپنے اپنے علاقوں میں پھر کر کوشش کرو اور حالات ضروریہ کی مجھے اطلاع دیتے رہو۔''

(تقریر 12/اپریل 1914ء)

تحریک وقف عارضی اس ہدایت پر عمل کا بہت ذریعہ ہے کہ اس پر عمل کسی منظم ذریعہ سے ہی ہو سکتا تھا اور ہم اللہ تعالیٰ کے خاص طور پر شکر گزار ہیں کہ اس نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے اس نہایت مفید تحریک کو جاری کروا کر ہماری فلاح کا موقعہ میسر فرمایا۔''

(الفضل 19 نومبر 1968ء)

محترم چوہدری مسعود احمد صاحب خورشید کراچی مع اپنی اہلیہ صاحبہ وقف عارضی پر دو ہفتہ کے لئے بشیر آباد سٹیٹ گئے تھے وہ اپنی رپورٹ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

''حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی جاری کردہ بابرکت تحریک وقف عارضی کا جہاں انسان کی ذات کو فائدہ پہنچتا ہے وہاں احباب جماعت کی تربیت بھی ہوتی ہے اور کئی لوگ جو نمازوں میں سست ہوتے ہیں چست ہو جاتے ہیں۔ قرآن کریم کی طرف لوگوں کو توجہ ہوتی ہے۔ جماعتی کاموں میں دلچسپی بڑھتی ہے۔ بعض غیر از جماعت دوست ان مجالس میں شریک ہو کر جماعت کے متعلق اپنے نظریہ بدل لیتے ہیں اور کم از کم جماعت کے مداح ضرور بن جاتے ہیں وہ غلط خیالات جو جماعت کے متعلق ان کے دل میں ہوتے ہیں وہ دور ہو جاتے ہیں جماعت کے لوگوں میں الفت و اتحاد پیدا ہوتا ہے۔ خدا تعالیٰ اور اس کے برگزیدہ رسول ﷺ نیز حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء کرام سے لگاؤ اور محبت بڑھتی ہے اور مومنین خدا کی محبت میں سرشار ہو کر اپنا تن من دھن اس کے دین کے لئے قربان کرنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں اور اس طرح انسان اس نور سے حصہ پاتا ہے جس کا خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے وعدہ فرمایا ہے سب بھائیوں کو اس بابرکت تحریک میں شامل ہو کر اس نور کے حصول کے لئے کوشش کرنی چاہئے۔''

مکرم پروفیسر مبشر احمد صاحب پشاور لکھتے ہیں:۔

''خاکسار کے لئے وقف عارضی کا یہ پہلا تجربہ تھا جس میں ایک خاص مقصد خاکسار کی ذاتی اصلاح و تربیت بھی تھا۔ اللہ تعالیٰ کا ایک بہت بڑا احسان ہے۔ کہ اس لحاظ سے بھی کامیابی نصیب ہوئی۔ دعاؤں کا بہت موقعہ ملا۔ جس میں تمام احباب جماعت احمدیہ اور خصوصاً اپنے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے لئے بھی اللہ تعالیٰ کے حضور بہت دعا کی اور اپنی ذاتی کمزوریوں اور گناہ سے نجات کے لئے بھی اللہ تعالیٰ کے لئے اور اپنے تمام عزیز و اقارب کے لئے بھی اللہ پاک کے حضور دعاؤں کا موقعہ ملا۔ اللہ تعالیٰ وقف عارضی کی بابرکت تحریک کو ہر رنگ سے کامیاب چلائے اور اس سے تمام بنی نوع انسان کی خوشحالی اور نجات کی راہ بنائے۔ آمین

محترم حفیظ الرحمان صاحب فاروقی آف کراچی لکھتے ہیں:۔

''میں کراچی کی مصروف زندگی کو چھوڑ کر جب وقف عارضی کے سلسلہ میں یہاں آیا تو مجھے عجیب قسم کا روحانی سکون ملا۔ نماز باجماعت میں وہ لذت وہ احباب جمع ہونا۔ وہ بچوں کو تعلیم قرآن سے روشناس کرانا اور پھر صبح کی نماز میں روحانی غذا کا ملنا اور تہجد کی نماز کا لطف یہ سب چیزیں ایک عجیب روح کو تسکین پیدا کرنے والا ایسا سماں پیش کرتی ہیں جو ہر احمدی کی زندگی میں اجتماعی طور پر کبھی کبھی میسر آتا ہے۔

میں سمجھتا ہوں ہر احمدی کو اس روحانی تسکین سے محظوظ ہونا چاہئے سال میں کم از کم ایک مرتبہ خواہ وہ تاجر ہو صنعت کار ہو۔ ڈاکٹر ہو یا دستکار۔ یہ سکون شہر کی گہما گہمی میں کبھی بھی میسر نہیں آ سکتا۔

اس کے علاوہ آپس میں اخلاص اور محبت پیدا ہوتی ہے۔ ایک احمدی بھائی جب دوسرے سے اس جذبہ سے ملتا ہے کہ وہ پندرہ دن یا ایک ماہ کے لئے دنیاوی مصروفیتوں کو بالائے طاق رکھ کر اپنے خدا کو خوش کرنے کے لئے دوسری جگہ آیا ہے۔ دوسروں کی اصلاح کے ساتھ اس کی اپنی بھی اصلاح ہو جاتی ہے اور وہ ایک قسم کا کیف و سرور اپنے اندر محسوس کرتا ہے۔''

محترم مشتاق احمد صاحب وزیر آباد لکھتے ہیں:۔

''چونکہ میں اپنا کھانا خود تیار کرتا رہا تو اکثر غیر از جماعت مجھے دیکھ کر حیران ہوتے رہے اور پوچھتے رہے کہ تمہاری جماعت کھانا بھی نہیں دے سکتی تو میں نے ان کو بتایا کہ حضرت امام جماعت احمدیہ کا حکم ہے کہ دوستوں کو تکلیف نہ دو اور اپنے کھانے کا خود انتظام کرو۔ میں اس حکم کی تعمیل کرتے ہوئے خود ہی کھانا تیار کرتا ہوں۔ میری یہ باتیں سن کر جواب ملتا رہا کہ آپ کو ربوہ سے کافی تنخواہ ملتی ہوگی میں نے اس کے جواب میں کہا کہ میں اپنے گھر کا واحد فرد ہونے کے باوجود اپنا تمام دکانداری کا کاروبار بند کر کے اور اپنے ہی خرچ سے یہاں آیا ہوں مجھے کوئی دنیاوی فائدہ یا کام نہیں اکثر پوچھنے والے اس جواب پر بہت متاثر ہوئے۔ بعض نے یہ بھی کہا کہ بھائی تمہاری جماعت کا اتحاد اور ایمان بہت پکا ہے اور ایسا ہی ہونا چاہئے۔''

محترم محمد شفیع خاں صاحب نجیب آبادی

کراچی تحریر کرتے ہیں:۔

”خاکسار اور مبارک احمد خاکسار کا لڑکا جو وفد میں خاکسار کے ہمراہ تھا باقاعدہ تہجد کے نوافل ادا کرتے رہے اور خوب دعاؤں کا موقعہ ملا۔ یہ برکت حضور والا کی اس وقف عارضی کی سکیم کی ہے ان ایام میں ایسا محسوس ہوتا تھا کہ ہم اس مادی دنیا سے کنارہ کش ہو کر کسی خاص روحانی ماحول میں آ گئے ہیں۔ نمازوں اور دعاؤں میں وہ لذت اور سرور حاصل ہوتا رہا جو بیان سے باہر ہے۔“

مکرم نصیر احمد صاحب تنویر لکھتے ہیں:۔

”جب ہم وہاں کھانا خود تیار کرتے اور خرچ ہر قسم خود کرتے کیونکہ بیت الذکر میں ہی انتظام تھا۔ لوگ دیکھتے اور پوچھتے کہ تم اچھے ان کے مولوی ہو۔ تمہیں یہ روٹی بھی نہیں دیتے تو ہم انہیں جواب دیتے کہ ہمارے آقا کا حکم ہے خود خرچ کر کے جاؤ اور خود ہی جا کر وہاں پر ہر قسم کا انتظام کرو کسی پر بوجھ نہ بنو تو وہ حیران ہوتے ہیں۔“

مکرم ایم منظور احمد صاحب کھاریاں لکھتے ہیں:۔

”ایک برکت جو ہمارے لئے خاص طور پر مفید ثابت ہوئی۔ وہ نماز تہجد کی عادت ہے اس دوران میں نماز تہجد کی ادائیگی کی توفیق ملی جو اب تک قائم ہے۔ گویا ہم اپنے آپ کو اب پہلے سے ظاہری و باطنی ہر دو لحاظ سے بدلا ہوا پاتے ہیں۔ پیارے امام ہمام کی جاری فرمودہ تحریک کی کس قدر عظیم الشان برکات ہیں کہ انسان کو بہت ہی مختصر وقت میں ایک نیا جنم دیتی ہے۔ (الفضل 17 نومبر 1968ء)

(بقیہ صفحہ 5)

سے چند ضروری باتیں کرنی تھیں رات کو کروں گا۔ یہ آخری بات تھی جو انہوں نے مجھ سے کی۔

ہمارے پیارے امیر کو اللہ کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور جنت میں اعلیٰ درجات سے نوازے۔ آمین۔

آپ نے کبھی کسی کی دلآزاری نہیں کی کبھی کسی کی شکایت نہیں کی ہمیشہ ستاری کے پہلو کو اپنائے رکھا اور آپ بہت صابر اور شاکر انسان تھے۔ 1975ء میں جب مخالفت احمدیت اپنے عروج پر تھی ایک دن کے وقفہ سے آپ کے دو بچے ایک بیٹا اور ایک بیٹی اچانک فوت ہو گئے۔ آپ نے کمال صبر اور حوصلہ کا مظاہرہ کیا اور مخالفین اپنے قبرستان میں دفن نہیں ہونے دیتے تھے۔ اس وقت اپنے بڑے بھائی سیٹھ محمد اسحٰق صاحب کی تحریک پر ایک قطعہ اراضی احمدیہ قبرستان کے لئے وقف کی اور وہ بچے سب سے پہلے اس قبرستان کے مکین بنے۔ یہ زمین اب شہر کے وسط میں آ چکی ہے۔

میں سردست چند یادداشتیں پیش کر سکا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اولاد کو بھی سلسلہ کی خدمت کی توفیق دیتا چلا جائے اور ہمیں بھی اللہ توفیق دے کہ ہم بھی سلسلہ کے خادم بنیں۔ آمین

مکرم محمد عبدالماجد صدیقی صاحب

خادم دین باپ اور بیٹا

مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی اور ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی

میرے تایا زاد بھائی مکرم و محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب جن کے اکلوتے اور اطاعت گزار صاحبزادے مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے۔

میرے بھائی مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب نے ہمیشہ دین کو دنیا پر مقدم رکھا۔ جب میرے بھائی صاحب 1948ء میں پاکستان آئے تو میرے والد محترم نے ان کو پاکستان بھجواتے وقت یہ تاکیدی نصیحت فرمائی تھی کہ پاکستان پہنچتے ہی سیدھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں حاضر ہونا اور حضور جو نصیحت فرمائیں اس پر عمل کر لینا۔ چنانچہ بھائی صاحب نے اس نصیحت کو اپنے پلے سے باندھ لیا اور پاکستان آتے ہی حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضور نے حکم دیا کہ آپ میرپور خاص سندھ چلے جائیں اور وہیں رہائش اختیار کریں۔ چنانچہ وہ حضور کے پاس سے سیدھے ہی میرپور خاص چلے گئے۔ چند سال وہ میونسپلٹی میں بطور ڈاکٹر کام کرتے رہے۔ 1950ء میں حضور نے بھائی صاحب کی شادی حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب کی بڑی صاحبزادی محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ سے کرا دی۔ بھائی صاحب نے اپنا ایک کلینک محلّہ ڈھولن آباد میرپور خاص میں شروع کیا اور اس کا نام حضور کے نام پر فضل عمر الیکٹرو ایکسرے کلینک رکھا تھا۔

شادی کے بعد بھائی صاحب کے خطوط آتے رہے اس وقت ہم لوگ حیدرآباد دکن میں رہتے تھے اور ہر خط میں والد محترم کو اولاد کے لئے دعا کی درخواست کرتے رہتے تھے۔ سال پر سال گزرتے گئے آخرکار 1962ء کا وہ مبارک سال آیا جب اللہ تعالیٰ نے بزرگوں کی دعاؤں کو شرف قبولیت بخشا اور عزیزم عبدالمنان صدیقی کی ولادت ہوئی اور ہم تمام افراد خاندان کو خوشی کا موقعہ ملا۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت بالغہ تھی کہ میرے بھائی صاحب بھی اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے اور ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی بھی اپنے والدین کے اکلوتے صاحبزادے تھے۔ بھائی صاحب اور محترمہ بھابھی صاحبہ نے اس بچہ کی پرورش بڑے ہی پیار اور محبت سے کی۔ جب عزیزم عبدالمنان صدیقی نے انٹرنس کا امتحان اعلیٰ نمبروں سے پاس کیا تو بھائی صاحب نے ان کو ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے سندھ میڈیکل کالج کراچی میں داخل کرایا۔ اس زمانہ میں خاکسار کراچی میں رہائش پذیر تھا۔ بھائی صاحب نے مجھے ہدایت کی کہ اس بچہ کی دیکھ بھال کرتا رہوں۔ جب عزیزم عبدالمنان صدیقی نے ایم بی بی ایس کا امتحان پاس کر لیا تو بھائی صاحب نے انہیں اعلیٰ ماہرانہ تعلیم کے لئے امریکہ بھجوایا۔ عزیزم نے امریکہ میں دل کے امراض کی تعلیم حاصل کر لی۔ ان کا ارادہ بھی تھا اور ان کے قریبی رشتہ داروں نے بھی یہ مشورہ دیا تھا کہ وہ امریکہ میں ہی پریکٹس شروع کریں مگر میرے بھائی ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی نے اپنے صاحبزادے کو واپس میرپور خاص آنے کی ہدایت فرمائی کیونکہ ان کی صحت گر رہی تھی اور غالباً اپنی کلینک پر پوری توجہ نہیں دے پا رہے تھے۔ انہیں اس نصیحت کا بھی بڑا پاس تھا جو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کو فرمائی تھی۔ عزیزم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی واپس میرپور خاص آ گئے اور والد محترم کے کلینک کو سنبھال لیا اور اس کو دن بدن بہتر بناتے گئے۔ چونکہ وہ دل کے امراض کے ماہر تھے اس لئے اس کلینک کو ایک معیاری ہسپتال میں تبدیل کر دیا جس میں طبی ضروریات کی ساری سہولتیں اور جدید آلات سے مزین کر دیا میرے بھائی صاحب 1998ء میں انتقال کر گئے۔

اسی دوران انہوں نے جماعتی ذمہ داریاں بھی سنبھال لیں۔ جب تک وہ خدام الاحمدیہ میں تھے وہ قائد ضلع تھے۔ ان کے محترم والد کی وفات کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی کو امیر جماعت ضلع میرپور خاص مقرر فرمایا۔ آپ اس عہدہ جلیلہ پر اللہ تعالیٰ کے فضل سے فائز رہے اور اپنی ذمہ داریوں کو جو جماعتی اور اپنی پیشہ ورانہ تھیں نہایت محنت شاقہ، اخلاص اور لگن کے ساتھ احسن رنگ میں انجام دیتے رہے۔ ان کا وجود جماعت احمدیہ کے لئے اور خدمت خلق کے پہلو سے بہت زیادہ اہمیت کا حامل تھا۔ کیونکہ جس عمدہ طریق پر اپنی ہر دو اہم ذمہ داریوں کو انجام دیا۔ یہ انہیں کا حق تھا۔ ان کی سب سے بنیادی اہم صفت جو ان کے کردار میں نظر آتی ہے وہ ہے ان کی ہمیشہ مسکراتی ہوئی شخصیت اور ان کی نرم ملائم طبیعت جو ہر ایک کے ساتھ سلوک کرتی نظر آتی ہے۔ دوسرا خاص وصف ان کا انسانی ہمدردی اور خلق تھا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ 12 ستمبر 2008ء میں دو شہادتوں کا خاص طور پر ذکر فرمایا۔ عبدالمنان صدیقی شہید کے بارے میں بعض مضامین الفضل ربوہ میں شائع ہو چکے ہیں اور شہید کی صفات عالیہ اور اخلاق فاضلہ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ میں ان حضرات کا تہ دل سے شکر گزار ہوں۔

8 ستمبر 2008ء کو صبح جب اس شہادت کی مجھے خبر ملی اسی وقت میں نے میرپور خاص فون کیا کیونکہ یہ خبر میرے لئے ناقابل قبول تھی جب اُدھر سے اس خبر کی تصدیق ہو گئی تو بڑی دیر تک میں سکتہ کی حالت میں چلا گیا۔ یہ اطلاع بھی موصول ہوئی کہ شہید کا جسد خاکی ہسپتال سے گھر لے جایا گیا اس وقت گھر پر کوئی تین ہزار سے زائد اشک بار آنکھوں اور غم زدہ دلوں کے ساتھ اپنے محسن اور پیارے کے دیدار کو حاضر ہوئے تھے۔ میرپور خاص کے اکثر بڑے زمینداروں، پولیس کے افسران بالا اور وہاں کے رہائشیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس کے علاوہ مقامی سیاستدان اور اخباری رپورٹرز بھی آئے ہوئے تھے۔ سندھ کے ایک اخبار کاوش نے سندھی میں اچھی خبر کے ساتھ شہید کی تصویر بھی دی تھی۔ بہرحال ہم تو خدا اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے مطابق انا للّٰہ کہتے ہیں۔ اے جانے والے تُو تو خدا کی گود میں چلا گیا۔ خدا نے اپنے فرشتوں کے جلو میں تیرا استقبال کیا۔ ایسی موت ہر ایک کی قسمت میں کہاں ہے ہاں صرف ان کے نصیب میں ہوتی ہے جن کو خدا چن لیا کرتا ہے۔ تو نے موت کے پیالے کو خدا کی رضا کے حصول کے لئے نہایت دلیری اور بشاشت قلبی سے نوش کیا اور اپنی زندگی کو جو ایک بھاری امانت ہوتی ہے نہایت جانفشانی سے اس کی حفاظت کی اور اس مقصد عالیہ کو پا لیا جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کے لئے مقرر فرمایا ہے۔

اے جانے والے جو درس تو نے اپنی زندگی سے حقوق اللہ اور حقوق العباد کی احسن رنگ میں ادائیگی کا دیا ہے۔ وہ قابل ستائش ہے۔ تیری کن کن خوبیوں اور صفات کو بیان کیا جائے تیرے غم نے نڈھال کر دیا ہے مگر ہم اپنے آسمانی آقا سے پُر امید ہیں کہ وہی تمام افراد خاندان کو صبر اور استقامت عطا فرمائے گا اور میں اس یقین پر قائم ہوں کہ مولا کریم اپنے ان بندوں کے لواحقین کا ہر آن حافظ ناصر ہوتا ہے جو اس کی راہ میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرتے ہیں۔ اے جانے والے تیری قربانیوں کو جو تو نے اللہ کی راہ میں کیں وہ قبول ہوئیں اور اس کا صلہ آپ کے اہل و عیال کو تا قیامت ملتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

بچوں میں نمک کی زیادتی اور دل کی بیماریاں

بچوں میں نمک کا زیادہ استعمال ان کو آنے والی زندگی میں دل کی بیماری میں مبتلا کر سکتا ہے۔ تحقیق سے یہ ثابت ہوا ہے کہ بچوں میں بلند فشار خون یعنی ہائی بلڈ پریشر ان کی ابتدائی زندگی سے لے کر عمر رسیدہ ہونے تک پروان چڑھتا رہتا ہے اور ان میں دل کی بیماری کے امکان کو بڑھاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے بچوں بشمول واقفین نو بچوں کو لمبی صحت والی فعال زندگی عطا فرمائے اور ان کو خدمت دین اور خدمت خلق کرنے کی بھرپور توفیق دے اور ہمیں بھی اپنی نئی نسل کی صحیح معنوں میں تربیت کرنے کی توفیق دے۔ آمین

مکرم طارق محمود صاحب

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کی مہمان نوازی

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نوابشاہ سے میرا تعلق 1990ء سے تھا جب خاکسار اپنی سروس کے سلسلہ میں نوابشاہ آیا اور پھر یہ تعلق گہرا ہوتے ہوتے محبت کا رنگ اختیار کر گیا۔ آپ ہر وقت سلسلہ کے کاموں میں مصروف رہا کرتے تھے اور مختلف طریق اختیار کر کے نوجوانوں کی تربیت کرتے رہتے تھے۔ آپ بیشمار خوبیوں کے مالک تھے جن میں سب سے نمایاں خوبی مہمان نوازی اور واقفین سلسلہ کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آنا اور عزت و تکریم ہے۔ آپ کی مہمان نوازی کا ایک واقعہ میں زندگی بھر نہیں بھول سکتا۔

ایک دفعہ ایک مرکزی میٹنگ تھی جس میں تین اضلاع کی عاملہ کے ممبران نے شامل ہونا تھا اور میزبانی نوابشاہ ضلع کی تھی اور مرکز سے بھی مہمانوں نے آنا تھا۔ ساری عاملہ نے کہا کہ اس دفعہ پُرتکلف کھانا نہیں ہوگا سادہ کھانا ہو۔ محترم امیر صاحب نے کہا کہ کیا ہونا چاہئے دیکھ لو حضرت مسیح موعود کے مہمانوں نے آنا ہے شایان شان انتظام ہو۔ سب کہنے لگے کہ دال ہونی چاہئے۔ سب کے اصرار پر مان گئے جس دن پروگرام تھا اس سے پہلی رات چونکہ میں نگران تھا مجھے فون کیا کہ طارق صاحب کل کیا کھلا رہے ہو میں نے کہا کہ دال، کہنے لگے کتنی دال پکا رہے ہو میں نے کہا امیر صاحب پانچ کلو، کہنے لگے کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ دال چار کلو کر لو اور 2 کلو گوشت ڈال دو۔ اس سے ذائقہ اچھا نہیں ہوجائے گا میں نے کہا جی امیر صاحب اچھا ہوجائے گا۔ تھوڑی دیر بعد پھر فون کیا کہ کل کیا کھلا رہے ہو میں نے کہا چار کلو دال میں دو کلو گوشت کہنے لگے توازن کچھ ٹھیک نہیں دال تین کلو کر لو اور گوشت بھی تین کلو کم ازکم برابر تو ہوں میں نے کہا ٹھیک ہے۔ تھوڑی دیر بعد پھر فون اور پھر وہی سوال آہستہ آہستہ دال کم کرتے گئے اور گوشت بڑھاتے گئے حتیٰ کہ دال غائب ہوگئی اور دال کی جگہ گوشت نے لے لی اور اس کے بعد رات ایک بجے کے قریب مطمئن ہو کے سوئے۔

اسی طرح کا ایک اور واقعہ چند دن پہلے کا ہے۔ مرکز نے میرپور خاص کے ایک دوست جناب غلام محمد صاحب ایڈووکیٹ کو کسی فیصلہ کے لئے نوابشاہ میں مقرر فرمایا اور محترم غلام محمد صاحب نے امیر صاحب کو اپنے آنے کی اطلاع دی۔ پریشان ہوگئے، مجھے فون کیا میں گیا کہنے لگے کہ مرکز کے مقرر کئے ہوئے مہمان نے آنا ہے اسے رہنے میں کھانے پینے میں کسی قسم کی تکلیف نہ ہو بار بار مجھ سے اس بارہ میں اظہار کرتے اور جب تک ہر طرح کی تسلی نہ ہوگئی بے چین رہے۔ گیسٹ ہاؤس کو رنگ کروایا وہاں بیڈ لگوایا اور کارپٹ کا انتظام کیا اور نئے بستروں کا انتظام اپنے گھر سے کیا اور جب وہ یہاں آئے تو جتنے دن وہ یہاں رہے زیادہ وقت ان کے ساتھ رہے تا کہ ان کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو اور وہ مرکز سے آئے ہوئے ہر مہمان کے ساتھ اسی طرح سے پیش آتے تھے۔ دل کے شدید مریض ہونے کے باوجود سلسلہ سے آئے ہوئے مہمانوں کا خود خیال رکھتے تھے۔

محترم امیر صاحب واقفین زندگی کا بے حد احترام کیا کرتے تھے۔ بیشمار دفعہ خاکسار کو امیر صاحب اور مربیان سلسلہ کے ساتھ جماعتی دوروں پر جانے کا اتفاق ہوا۔ ہمیشہ اصرار کر کے مجھے کہتے کہ فرنٹ سیٹ پر مربی صاحب کو بٹھایا کرو اور خود گاڑی کی پچھلی سیٹ پر بیٹھتے۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ خود آگے بیٹھے ہوں اور واقفین زندگی میں سے کوئی پیچھے بیٹھا ہو۔

طبیعت بے حد سادہ اور انکساری سے بھرپور تھی۔ مرکز سے جو بھی مہمان آتا ہمیشہ اس کے آرام کا خود خیال رکھتے۔ اچھے سے اچھے ہوٹل میں کھانے کا انتظام کرتے اور جب تک وہ سونے کے لئے نہ لیٹ جاتا اس کے پاس سے نہ جاتے اور جس دن اس کی واپسی کے لئے روانگی ہوتی سٹیشن تک اسے خود چھوڑنے جاتے اور جب تک گاڑی روانہ نہ ہو جاتی سٹیشن پر موجود رہتے۔

طبیعت میں بے حد جھجک تھی۔ اکثر جماعتی کاموں کے سلسلہ میں بزرگوں سے ٹیلیفون ملا کر مجھے کہتے کہ تم بات کرو۔ اس طرح ساتھ ساتھ میری تربیت بھی کرتے رہے۔

آپ گو زیادہ تعلیم یافتہ نہ تھے لیکن ادب سے بے حد لگاؤ تھا۔ درثمین، درعدن، کلام محمود، کلام طاہر اور سلسلہ کے اور دوسرے شعراء کے بیشمار اشعار آپ کو زبانی یاد تھے اور مختلف مواقع پر برمحل استعمال بھی کیا کرتے تھے۔ اسی طرح آپ کو کتب بینی کا بے حد شوق تھا اور بہت ساری قیمتی کتب آپ کی ذاتی لائبریری میں موجود ہیں۔

آپ شعر بھی کہا کرتے تھے اور کبھی کبھی چند دوستوں کو سنایا بھی کرتے تھے۔ آپ کی یادداشت بلا کی تھی۔ جماعتی حوالے سے یا ملکی یا دنیا کے حوالے سے ہر اہم واقعہ آپ کو دن تاریخ اور سن کی نسبت سے یاد تھا۔

مثلاً مجھے ایک دفعہ بتایا کہ سلسلہ کے ایک بزرگ نے فلاں دن فلاں تاریخ فلاں سن کو مجھ سے وقف زندگی کی درخواست پر بحیثیت صدر جماعت دستخط کروائے تھے۔

آپ کی سب سے بڑی خوبی واقفین سلسلہ کی عزت و تکریم اور خاندان حضرت مسیح موعود سے والہانہ لگاؤ تھی۔ ایک دفعہ آپ نے مجھے بتایا کہ ایک جلسہ یا اجتماع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع (جو اس وقت خلیفہ نہیں بنے تھے) رحمٰن آباد باندھی ضلع نوابشاہ تشریف لائے۔ جلسہ ختم ہونے پر حضور انور جو مرکزی نمائندہ کی حیثیت سے تشریف لائے تھے تشریف لے جانے لگے اور میں بحیثیت قائد علاقہ روہڑی تک ٹرین میں ساتھ گیا راستے میں ٹرین میں حضور انور نے کھانا تناول فرمایا اور وہیں ہاتھ مبارک دھوئے میں نے جلدی سے اپنا نیا رومال ہاتھ پونچھنے کے لئے پیش کیا آپ نے اس سے ہاتھ صاف کئے اور مجھے واپس کر دیا۔ میں نے جلدی سے ایک طرف جا کر جتنا رومال گیلا ہوا تھا اس پر مارکر سے نشان لگا دیئے اور ایک کونے میں تاریخ بھی لکھ دی۔ پھر امیر صاحب نے مجھے اور چند دوسرے دوستوں کو ایک دو مرتبہ وہ رومال دکھایا بھی۔ یہ وہ عشق کا نمونہ ہے جو آپ کو حضرت مسیح موعود کے خاندان سے تھا اور یہی محبت واقفین سلسلہ اور ہر احمدی کے لئے ان کے دل میں تھی۔ آپ بیشمار خوبیوں کے مالک تھے اکثر مجھ سے مختلف شہداء کا ذکر کیا کرتے تھے جن میں ماسٹر نذیر احمد بگھیو شہید اور محترم ڈاکٹر عبدالقدوس شہید کا اکثر ذکر کرتے تھے کہ دیکھو کیسے بے ضرر قسم کے لوگوں کو شہید کر دیا۔

میں جب قائد ضلع تھا تو آپ اکثر خدام کے ساتھ ڈیوٹی پر کھڑے ہو جاتے حالات خراب تھے حکم تھا کہ امیر صاحب کا خاص خیال رکھیں میں امیر صاحب سے عرض کرتا کہ آپ باہر نہ کھڑے ہوا کریں۔ کہتے کہ یہاں کے لوگ میری عزت کرتے ہیں میرا خیال ہے یہ میرا لحاظ کریں گے۔ ایک عید کے موقع پر بیت نور نوابشاہ کے باہر خاکسار خدام کو ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دے رہا تھا کہ ایک صاحب نے ذرا سخت لہجے میں مجھے کہا کہ ڈیوٹی پر خدام کو کھڑا کر رہے ہو اور انہیں ہتھیار بھی نہیں دے رہے۔ میں خاموش رہا محترم امیر صاحب پاس ہی کھڑے تھے کہنے لگے کہ ہاں ہم نے ہتھیار دیئے ہوئے ہیں۔ آپ بے فکر ہو کر اطمینان سے جا کر عید کی نماز پڑھیں۔ وہ صاحب کہنے لگے کہ کہاں ہیں ہتھیار تو بے ساختہ امیر صاحب نے کہا کہ ہم نے دعاؤں کے ہتھیار دیئے ہیں، آپ اطمینان رکھیں۔

ایک دفعہ خادم بیت نے آپ سے سخت بدتمیزی سے بات کی۔ خاکسار اپنے خدام کے ساتھ ڈیوٹی پر موجود تھا جب وہ گالیوں پر اتر آیا تو مجھ سے رہا نہ گیا میں نے خدام کو کہا کہ اس کو باہر نکال دو۔ آپ نے ہمیں ایسا کرنے سے منع کر دیا۔ جب عاملہ کے سامنے معاملہ پیش ہوا تو اس خادم کو بیت کی خدمت سے فارغ کر دیا گیا۔ محترم نے تین چار دن کے بعد مجھے فون کیا میں گیا تو وہ کہنے لگے کہ وہ خادم بہت غریب آدمی ہے پتہ نہیں اس کے بچوں نے کچھ کھایا بھی ہوگا کہ نہیں اور پھر اپنی جیب سے ایک معقول رقم اس کے لئے بھجوائی اور پھر چند دن کے بعد اس کو بحال بھی کر دیا۔

آپ کی ایک اور بڑی خوبی ''بیوت'' کی تعمیر کا بے پناہ شوق تھا۔ نوابشاہ ضلع کی تمام بیوت اور جماعتی سنٹرز اور مربی ہاؤس اور گیسٹ ہاؤس آپ کی ذاتی نگرانی اور شوق کی وجہ سے پایہ تکمیل تک پہنچے۔ اس سلسلہ میں ایک واقعہ مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ ہمارے پیارے موجودہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جب ناظر اعلیٰ تھے ایک دن باندھی ضلع نوابشاہ تشریف لائے اور بیت کا معائنہ فرمایا۔ جناب فاتح احمد ڈاہری صاحب انچارج انڈیا ڈیسک لندن بھی ساتھ تھے۔ باندھی کی بیت کے لئے جناب فاتح ڈاہری صاحب کے والد صاحب محترم عبداللہ ڈاہری صاحب مرحوم نے زمین بھی تحفۃً انجمن کو دی تھی اور بیت بھی تعمیر کروا کے دی تھی۔ حضور انور نے محترم امیر صاحب سے فرمایا کہ بیت خستہ حالت میں ہے اس کی موجودہ حالت میں ہی رکھ کر تعمیر کریں اور مجھے رپورٹ کریں اور یہ کام جلد ہونا چاہئے۔ یہ فرمان سن کر بہت پریشان ہو گئے اور ضلع کے بہت سارے بزرگوں کو دعا کے لئے کہا۔ مجھے کہنے لگے کہ حکم ہے کہ جلد تعمیر ہو تو کتنی جلدی ہم اس کو تعمیر کر سکتے ہیں میں نے کہا چار ماہ تو لگیں گے کہنے لگے کہ کراچی سے کسی آرکیٹیکٹ اور سول انجینئر کو بلاؤ ہم نے کراچی رابطہ کیا وہاں سے ماہر آئے انہوں نے کم ازکم مدت 6 ماہ بتائی مطمئن نہ ہوئے اس دوران وہاں کے حالات بھی خراب ہوگئے۔ آپ نے اپنی حکمت سے مرکز سے اجازت لے کر رات دن خود نگرانی کر کے محض ڈیڑھ ماہ کے قلیل عرصہ میں ایک وسیع ہال اور مربی ہاؤس بھی تعمیر کر دیا اور مرکز کو رپورٹ بھی بھجوا دی۔ یہ ہال باندھی اور اس کے گردونواح کی تمام جماعتوں کی ضروریات پوری کر رہا ہے۔ الحمدللہ

نواب شاہ کا محمود ہال، احمدیہ قبرستان ایک وسیع قطعہ اراضی واقع کیمپ نمبر 2 پورے علاقہ سندھ میں سب سے بڑا ہال ایوان طاہر، سکرنڈ میں احمدیہ بیت الذکر، دوڑ میں ایک قطعہ اراضی بغرض سنٹر باندھی میں ایک بہت بڑا ہال اور مربی ہاؤس باندھی میں ہے ایک وسیع اراضی بغرض سنٹر اور نوابشاہ میں ایک مربی ہاؤس کی تعمیر آپ کی ذاتی کوششوں اور محنت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

شہادت سے چند دن پیشتر مجھے فون کیا اور پڑوس کے ضلع کے امیر کے بارہ میں فرمایا کہ وہ تمہارے دوست ہیں ان کو سمجھاؤ کہ اپنی حفاظت کا خاص خیال رکھا کریں اور شہادت والے دن بھی ان کے لئے فکرمند تھے۔

محترم امیر صاحب ضلع میرپور خاص کی شہادت کی خبر میں نے فون پر ان کے بیٹے محترم جناب محمد ادریس صاحب کو دی۔ تھوڑی دیر بعد ان کا فون آ گیا۔

میں چونکہ ربوہ میں آیا ہوا تھا جس دن محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کا جسد خاکی ربوہ لایا جا رہا تھا۔ بار بار مجھے فون کر رہے تھے اور دریافت کر رہے تھے کہ جنازہ ربوہ پہنچ گیا کہ نہیں۔ جب جنازہ ربوہ پہنچ گیا اور میں نے فون کر کے بتایا کہ جنازہ کا قافلہ پہنچ گیا ہے۔ مجھ سے پوچھا کہ نماز جنازہ کتنے بجے ہے۔ میں نے کہا کہ عصر کی نماز کے بعد بیت مبارک میں کہنے لگے کہ تم جاؤ گے۔ میں نے کہا جی کہتے اچھا تم

(باقی صفحہ 4 پر)

مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

حاصل مطالعہ دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کی آراء

پہلی گول میز کانفرنس میں شرکت کرنے والے زعما

پروفیسر ڈاکٹر پروین خان کا ایک مضمون بعنوان 'سر آغا خان۔ تحریک پاکستان کے روح رواں، نوائے وقت سنڈے میگزین میں شائع ہوا ہے۔ متذکرہ مضمون سے ایک اقتباس پیش کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر پروین خان پہلی گول میز کانفرنس کے ذکر میں تحریر کرتی ہیں۔

1930ء میں جب پہلی گول میز کانفرنس طلب کی گئی تو مسلم رہنماؤں میں قائداعظم محمد علی جناح، مولانا محمد علی جوہر، سر محمد شفیع، سر ظفر اللہ خاں، بیگم شاھنواز شامل تھے۔ اس وفد کی سربراہی کا فریضہ سر آغا نے انجام دیا۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین 27 جولائی 2008ء ص 6)

بلا کا حافظہ

سر محمد ظفر اللہ خان کی یادداشت اور واقعات کے بارہ میں صحافی خالد حسن کا ایک دلچسپ اور معلومات افزاء مضمون روزنامہ ''آج کل'' میں شائع ہوا ہے۔ آیئے اس سے کچھ اقتباسات پڑھنے کا لطف اٹھاتے ہیں:۔

ان کا حافظہ بلا کا تھا............ انہوں نے محض حافظہ کی بنیاد پر اپنی یادگار خودنوشت ''تحدیث نعمت'' میں ایسے درجنوں ناموں اور تاریخوں کا ذکر کیا ہے جو گزشتہ صدی کے ابتدائی برسوں کے متعلق ہیں۔ انہوں نے جس تاریخ اور نام کا حوالہ دیا آج تک کوئی اسے غلط ثابت نہ کر سکا۔

گاندھی کے الفاظ من وعن سنادیئے

ایک مرتبہ دہلی میں بھارت کی قانون ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے گاندھی کے ایک قول کا حوالہ دیا جس پر کانگریسی ارکان نے شور مچانا شروع کر دیا کہ یہ الفاظ گاندھی کے نہیں۔ ظفر اللہ نے اپنا بیگ کھولا اور گاندھی کی کتاب سے وہ پیراگراف پڑھنا شروع کر دیا جس میں وہ الفاظ موجود تھے۔ انہوں نے اپنے حافظے کی مدد سے گاندھی کے کلمات لفظ بہ لفظ سنائے۔''

سادہ مزاج اور بے ریا انسان

جب ظفر اللہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر بنے تو اپنے ڈرائیور کے ہمراہ ہمیشہ کار کی اگلی نشست پر بیٹھتے تھے۔ انکساری ان میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔ جہاں تک انہیں یاد تھا، انہوں نے زندگی میں کبھی ایک نماز بھی قضا نہ کی۔ رات کو تہجد کے لئے بھی اٹھتے۔ وہ بڑی سادہ طبیعت کے مالک تھے۔ جس پتلون کو دن میں پہنتے اسے رات کو تکیے کے نیچے رکھ کر سوتے تاکہ اس کی کریز درست رہے۔ جب پاکستان آتے اپنی پرانی جرابیں اور بنیان ساتھ لے آتے، جو پھینکنے کے قابل ہوتیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ کنجوس تھے۔ وہ سو سے زائد طلبا کو وظائف دیتے، لیکن اس قسم کی باتوں کی کبھی نمائش نہ کرتے۔

کاش قوم کو توفیق ملے!!

مضمون نگار خالد حسن اپنے مضمون کو ان حسرت بھرے اور قابل غور الفاظ پر ختم کرتے ہیں۔

اس قوم کو ابھی یہ توفیق نہیں ملی کہ جو اس کے اصل ہیرو ہیں، ان کا شکر ادا کرے اور ان کی خدمات و احسانات تسلیم کرے۔ کیا اس ملک میں ایسا بھی ممکن ہو گا؟ انسان صرف سوچ ہی سکتا ہے!

(روزنامہ ''آج کل'' لاہور مورخہ 23/اپریل 2008ء)

علمی عروج وزوال

مضمون نگار احسان اللہ بھٹی کا ایک مضمون نوائے وقت میں شائع ہوا ہے۔ متذکرہ مضمون کے آخری پیراگراف میں صاحب مضمون رقمطراز ہیں۔

موجودہ دور کا جائزہ لیں تو غیر مسلم دنیا کو مسلمانوں پر ہر میدان میں فوقیت حاصل ہے۔ طب، فلسفہ، ریاضی، فزکس، کیمسٹری کے میدانوں میں نوبیل انعام حاصل کرنے والے افراد کا تعلق غیر مسلم دنیا سے ہے 1900ء میں شروع ہونے والے نوبیل انعام میں صرف چند............ سائنسدان یہ انعام حاصل کر سکے ہیں۔ ان میں پاکستانی سائنسدان عبدالسلام کا نام بھی شامل ہے۔ تجرباتی سائنس کی بنیاد رکھنے والے مسلمان آج تحقیق کے میدان میں پیچھے رہ گئے ہیں۔

اب بھی شخصی حکومتوں اقربا پروری، سفارش جیسی برائیاں اگر ختم ہو جائیں تو مسلمان دنیا کی کسی بھی تہذیب کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

(نوائے وقت مورخہ 24 مارچ 2008ء تعلیمی ایڈیشن)

